باب 7 — پاکستان کی معاشی ترقّی

1: معاشی ترقی کی تعریف کریں۔

گراہم بینک کے الفاظ میں **معاشی ترقی** معیشت کی پیداواری صلاحیت میں ایسے لگاتار عمل کا نام ہے جس کے نتیجے میں **قومی آمدنی میں اضافہ** ہوتا ہے۔

2: پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے کم ہونے کی کیا وجوہات ہیں؟

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے کم ہونے کی وجوہات یہ ہیں:

1. ٹیکس کا ناقص نظام
2. مالیاتی خسارے میں اضافہ
3. توانائی کا بحران
4. حکومتوں کا عدمِ استحکام
5. غیر مستحکم معاشی پالیسیاں
6. اندرونِ ملک دہشت گردی

3: افرادی قوت سے کیا مراد ہے اور اس میں کون سے لوگ شامل ہیں؟

افرادی قوت (Manpower/Workforce) سے مراد 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کے وہ افراد ہیں جو کمانے کے اہل ہوں۔ اس میں برسرِ روزگار افراد اور بے روزگار افراد دونوں شامل ہوتے ہیں۔

4: دفاعی صنعت سے کیا مراد ہے؟

وہ صنعت جو ملکی ضروریات کے مطابق اسلحہ، گولا بارود اور دیگر دفاعی سامان تیار کرتی ہے، دفاعی صنعت کہلاتی ہے۔

5: پاکستان کی پانچ رابطہ نہروں کے نام لکھیں۔

1. چشمہ جہلم رابطہ نہر
2. رسول قادرآباد رابطہ نہر
3. قادرآباد بلوکی رابطہ نہر
4. بلوکی سلیمانکی رابطہ نہر
5. تونسہ پنجند رابطہ نہر

6: خام قومی پیداوار یعنی (GDP) سے کیا مراد ہے؟

خام قومی پیداوار کسی معیشت میں کسی مخصوص عرصے کے دوران پیدا کی جانے والی اشیاء اور خدمات کے مجموعے کو کہتے ہیں۔

7: سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان میں کون سے ڈیم بنائے گئے؟

سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان میں یہ ڈیم بنائے گئے:

1. منگلا ڈیم دریائے جہلم پر
2. تربیلا ڈیم دریائے سندھ پر

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ

8: کرومائیٹ کے بڑے ذخائر پاکستان میں کہاں پائے جاتے ہیں؟

کرومائیٹ کے ذخائر بلوچستان کے علاقے مسلم باغ، لسبیلہ اور چاغی میں جبکہ خیبر پختونخوا کے علاقے مالاکنڈ اور مہمند ایجنسی میں پائے جاتے ہیں۔

9: خوردنی نمک کا استعمال بیان کریں۔

خوردنی نمک کھانے پینے کی اشیاء کے علاوہ سوڈا ایش، کاسٹک سوڈا، سوڈیم بائی کاربونیٹ، ٹیکسٹائل ملز اور چمڑے کی صنعتوں میں استعمال ہوتا ہے۔

10: میرانی ڈیم سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

میرانی ڈیم بلوچستان کے ضلع کیچ میں دریائے دشت پر بنایا گیا ہے تاکہ پانی ذخیرہ کر کے کھیتوں کو فراہم کیا جا سکے۔

11: تجارتی خسارے سے کیا مراد ہے؟

اگر کسی ملک کی برآمدات کم اور درآمدات زیادہ ہوں تو وہ ملک تجارتی خسارے کا شکار ہو جاتا ہے۔

12: زرعی پیداوار میں اضافے کے لیے حکومت کی طرف سے کیے گئے چند مالی اقدامات تحریر کریں۔

1. ٹریکٹر کی خریداری کے لیے قرضہ سکیم کا اجراء
2. زرعی مالکان کو رعایتی قیمت پر لیزر لینڈ لیولنگ ٹیکنالوجی کی فراہمی
3. کھاد کی کم قیمت پر فراہمی

13: سیلابی نہروں کے فوائد لکھیں۔

سیلابی نہروں کی وجہ سے دریاؤں میں پانی کی سطح ایک خاص حد سے نہیں بڑھتی، دریاؤں میں طغیانی نہیں آتی اور یہ بیراجوں کو نقصان سے بچاتی ہیں۔

14: کاریز سے کیا مراد ہے اور یہ نظام کہاں پایا جاتا ہے؟

کاریز زیرِ زمین نالے ہوتے ہیں جن کے ذریعے پانی کھیتوں تک پہنچایا جاتا ہے۔ یہ نظام بلوچستان میں پایا جاتا ہے، خاص طور پر پشتین اور کوئٹہ کے اضلاع میں۔

15: وارسک ڈیم کہاں ہے اور کس دریا پر بنایا گیا ہے؟

وارسک ڈیم خیبر پختونخوا میں پشاور کے قریب دریائے کابل پر بنایا گیا ہے۔

16: گھریلو صنعت سے کیا مراد ہے؟ اس کی چند مثالیں لکھیں۔

گھریلو صنعت سے مراد وہ صنعت ہے جو گھر پر کم سرمایہ لگا کر افرادِ خانہ باہمی تعاون سے چلاتے ہیں اور اس میں انسانی محنت زیادہ استعمال ہوتی ہے۔ مثالیں: کپڑوں کی سلائی، کھچیاں اور دریاں بنانا، مرغ بانی اور قالین بافی وغیرہ۔

17: پاکستان میں آئل اینڈ گیس کی تلاش کے لیے کون سا ادارہ بنایا گیا ہے؟

پاکستان میں تیل اور گیس کی تلاش کے لیے 1961ء میں آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ $(OGDCL)$ قائم کی گئی۔

گورنمنٹ کرسچین ہائی سکول ڈسکہ